

## بیمار ہونے سے پہلے ہی آپ NYC Care کی بدولت صحت کی دیکھ بھال حاصل کر سکتے ہیں

نیویارک سٹی (New York City) میں ہم صحت کی دیکھ بھال کو انسانی حق تصور کرتے ہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کہاں پیدا ہوئے ہیں یا آپ کے پاس کتنے پیسے ہیں، ہمارے شہر میں آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کو صحت کی ایک ایسی معیاری دیکھ بھال فراہم کی جائے جو آپ کی مالی استطاعت کے مطابق ہو۔ **آپ کو جس قسم کی نگہداشت کی ضرورت ہوگی اس کے لیے اب آپ کو ہنگامی طبی امداد کے کمرے پر انحصار کرنے کے ضرورت نہیں ہے۔**

NYC Care کی صورت میں آپ کو اپنا باقاعدہ صحت کی دیکھ بھال کا فراہم کنندہ ملے گا اور آپ کو اپنی کمیونٹی میں موجود NYC Health + Hospitals کے مریضوں کی دیکھ بھال کے ٹھور ٹھکانے پر وہ طبی خدمات فراہم کی جائیں گی جن کی آپ کو ضرورت ہوگی۔ اس کے علاوہ آپ بنیادی دیکھ بھال، زچہ بچہ کی دیکھ بھال، ذہنی صحت کی دیکھ بھال اور آپ کو جن ادویات کی ضرورت ہے ان تک 24/7 رسائی بھی جاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔

NYC Care میں آپ اپنے صحت کی دیکھ بھال فراہم کنندہ کے ساتھ تعلق کے ذریعے اپنی صحت کے مسائل کی ابتدائی مراحل میں نگہداشت کرکے صحت مند رہ سکتے ہیں۔ تمام خدمات کم سے کم داموں یا پھر بغیر لاگت کے فراہم کی جائیں گی۔

**مزید معلومات اور اندراج کے لیے کال کریں**

1-646-NYC-CARE
1-646-692-2273

**خلوت اور رازداری کی ضمانت دی جاتی ہے۔ 'پبلک چارج' قانون کے تحت NYC Care میں اندراج سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔**

NYC HEALTH+ HOSPITALS

NYC CARE
Your Key to the City's Health Care

رابطے میں رہیں۔ ہمیں فالو کریں۔

Urdu_09/20

مزید جاننے اور اندراج
کروانے کے لیے کال کریں

1-646-NYC-CARE
1-646-692-2273

nyccare.nyc

City-wide • Volume 3 • 9/1/20

# شہر میں صحت کی دیکھ بھال کے لیے آپ کی کلید

آپ کی ہجرت کی کیفیت یا ادائیگی کی صلاحیت سے قطع نظر، صحت کی دیکھ بھال کے اپنے حق کو وقار اور عزت سے کھولیے۔

**NYC Health + Hospitals کے ٹھور ٹھکانوں پر پورے شہر میں دستیاب!**

**آج ہی NYC Care کے رکن بن جائیں!**

1-646-NYC-CARE
1-646-692-2273

**nyccare.nyc**

**خلوت اور رازداری کی ضمانت دی جاتی ہے۔**
**’پبلک چارج‘ قانون کے تحت NYC Care میں اندراج سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔**

NYC HEALTH+ HOSPITALS

NYC CARE
Your Key to the City's Health Care

## NYC Care کے بارے میں

NYC Care صحت کی دیکھ بھال تک رسائی فراہم کرنے کا پروگرام ہے، جو نیو یارک کے ان مکینوں کو کم لاگت یا مفت خدمات کی ضمانت دیتا ہے، جو صحت کے بیمے کی اہلیت نہیں رکھتے یا جو مالی لحاظ سے اسے برداشت کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ آپ کی ہجرت کی کیفیت یا ادائیگی کی صلاحیت سے قطع نظر، صحت کی دیکھ بھال کے اپنے حق کو وقار اور عزت سے کھولیے۔

NYC Care کی بدولت آپ:

- اپنی کمیونٹی میں NYC Health + Hospitals میں مریضوں کی دیکھ بھال کے ٹھور ٹھکانوں پر بنیادی، تدارکی اور خصوصی صحت کی خدمات تک رسائی کے لیے رکنیت کارڈ حاصل کر سکتے ہیں۔
- اپنے بنیادی دیکھ بھال فراہم کنندہ کا انتخاب کر سکتے ہیں، جو آپ کو بیمار ہونے سے بچاؤ کرنے میں مدد فراہم کرے گا اور آپ کے صحت مند رہنے کے لیے درکار دیگر خدمات کے ساتھ آپ کو جوڑے گا۔
- دو ہفتوں یا اس سے بھی کم عرصہ میں اپنے بنیادی دیکھ بھال فراہم کنندہ سے ملاقات کے لیے پہلی اپائنٹمنٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ - ٹیلی ہیلتھ اور رو بہ رو ملاقات کے لیے اپائنٹمنٹ دستیاب ہیں۔
- جب بھی آپ کو مدد درکار ہو، ہمارے 24/7 دستیاب کال سنٹر پر رابطہ کر سکتے ہیں۔
- نسخہ پر تجویز کردہ ادویات تک کم قیمت میں 24/7 رسائی حاصل کر سکتے ہیں، اور جب بھی ضرورت ہو ایک ہی رات کے اندر ادویات کی دوبارہ بھرائی (refills) حاصل کر سکتے ہیں۔
- بنیادی دیکھ بھال فراہم کرنے والی ٹیم کی مدد حاصل کر سکتے ہیں، جن میں نرسیں، ذہنی صحت کے پیشہ ورانہ ماہرین، طبی معاونین، سماجی کارکن، فارماسسٹ اور غذائی ماہرین شامل ہیں۔
- صحت کی معیاری دیکھ بھال کو اپنی مالی استطاعت کے اندر لا سکتے ہیں۔ اس میں شمولیت کے لیے کوئی خرچ یا ماہانہ فیس نہیں ہے۔ آپ سے صحت کی دیکھ بھال کی فراہمی کی قیمت آپ کے خاندان میں موجود افراد کی تعداد اور آمدنی کی بنیاد پر لی جاتی ہے۔

**مزید معلومات اور اندراج کے لیے کال کریں**

1-646-NYC-CARE
1-646-692-2273

**خلوت اور رازداری کی ضمانت دی جاتی ہے۔ NYC Care ’پبلک چارج‘ قانون کے تحت میں اندراج سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔**

## آپ کی رکنیت کی خدمات

### ابتدائی اور بچاؤ کی دیکھ بھال

- اپنے بنیادی دیکھ بھال فراہم کنندہ کا انتخاب کریں جو آپ کی معمول کی بیماریوں مثلاً تیزابی بدہضمی، گلے کی سوزش اور بخار وغیرہ کا علاج معالجہ کرے گا اور سنگین بیماریوں مثلاً ذیابیطس اور بلند فشارِ خون کو اعتدال میں رکھنے میں آپ کی مدد کرے گا۔
- معمول کی ویکسین کے ٹیکے اور اسکریننگ فلو شاٹ، میموگرام اور کلونو سکوپی حاصل کریں۔

### ماہرانہ نگہداشت

آپ کا بنیادی دیکھ بھال فراہم کنندہ ماہرین کے ساتھ نزدیکی تال میل میں کام کرے گا اور آپ کوجن خدمات کی ضرورت ہوگی انہیں آپ کا حوالہ دینے میں آپ کی مدد کرے گا، جن میں شامل ہیں:

- قلبیات (Cardiology)
- گٹھیا کی دیکھ بھال
- ہڈیوں کے امراض (Orthopedics)
- پیروں کے امراض
- وزن کم کرنے والے پروگرام کی خدمات
- معدہ اور آنتوں کے امراض (Gastroenterology)
- عمومی جراحت (General Surgery)
- کان، ناک اور حلق (ENT)
- خواتین کی صحت اور قبل از پیدائش کی دیکھ بھال
- بصارت کی دیکھ بھال

### رویے کی صحت اور منشیات کا استعمال

- شدید دل شکستگی، پریشانی اور دیگر ذہنی صحت کے عوارض کےلیے ذہنی صحت کی کئی خدمات تک رسائی حاصل کریں۔
- موزوں ذہنی صحت کے ماہرین، سماجی کارکن، معالج یا نفسیاتی ماہر کے پاس بھیجے جانے کی خدمت حاصل کریں۔
- نشہ بازی اور منشیات کے استعمال کے عوارض کے سلسلے میں علاج معالجہ اور معاونت حاصل کریں۔

### ادویات آپ کی مالی استطاعت میں

- NYC Health + Hospitals کی فارمیسیز پر نسخہ میں لکھی گئی ادویات کم قیمت پر حاصل کریں اور اضافی گھنٹوں بشمول ہفتے کے دنوں میں شام کے وقت اورہفتے کی اختتام کی چھٹیوں میں
- فارمیسی تک رسائی حاصل کریں نسخہ میں لکھی ادویات کی دوبارہ بھرائی (refills) کے لیے آن لائن آرڈر کریں۔

**مزید معلومات اور اندراج کے لیے کال کریں**

1-646-NYC-CARE
1-646-692-2273

خلوت اور رازداری کی ضمانت دی جاتی ہے۔
'پبلک چارج' قانون کے تحت NYC Care میں اندراج سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔

## عام طور پر پوچھے جانے والے سوالات

### NYC Care کیا ہے؟

NYC Care رکنیت کی بنیاد پر ایک پروگرام ہے جو آپ کو NYC Health + Hospitals کی جانب سے فراہم کیا جاتا ہے، اس میں آپ اپنے ڈاکٹر اور خدمات تک بہت کم لاگت یا مفت رسائی حاصل کرتے ہیں، اس میں ماہرین کے معائنے، کم قیمت پر ادویات اور گاہکوں کے لیے خدمات تک 24/7 رسائی شامل ہیں۔

### میں NYC Care کے لیے کس طرح اہل ہوسکتا/سکتی ہوں؟

اس کے لیے ضروری ہے کہ آپ چھ ماہ یا اس سے زائد عرصہ تک نیویارک سٹی (NYC) میں رہائش پزیر رہے ہوں اور نیویارک ریاست (New York State) میں حکومت کی جانب سے مالی استطاعت کے مطابق فراہم کردہ بیمے کے منصوبوں کے اہل نہ ہوں۔ آپ ایسی صورت میں بھی اہل ہوسکتے کہ جب آپ وفاقی معیاروں کے مطابق صحت کا بیمہ رکھنے کی مالی استطاعت نہ رکھتے ہوں۔ یہ معلوم کرنے کے لیے کہ آیا آپ اہل ہیں یا نہیں، آج ہی 1-646-NYC-CARE (1-646-692-2273) پر کال کریں۔

### خدمات کے حصول کے لیے مجھے کتنی ادائیگی کرنی ہوگی؟

آپ کو اتنی ہی ادائیگی کرنی ہوگی جتنی آپ کی مالی استطاعت ہوگی۔ رعایتی فیس کا تعین آپ کے خاندان میں موجود افراد کی تعداد اور آپ کی آمدنی کی بنیاد پر ہوگا اور اس کی ابتدا $0 سے ہوتی ہے۔ شمولیت کے لیے کوئی خرچ، کوئی ماہانہ فیس یا پریمیئم نہیں ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، براہِ مہربانی ہماری ویب سائیٹ **nyccare.nyc** پر موجود فی اسکیل ٹیبل (fee scale table) ملاحظہ کریں۔

### مجھے صحت کی خدمات کہاں ملیں گی؟

NYC Care کے رکن کی حیثیت میں آپ کو اپنی کمیونٹی میں NYC Health + Hospitals مریضوں کی دیکھ بھال کے لیے موجود ٹھور ٹھکانوں تک رسائی حاصل ہوگی۔ ٹھور ٹھکانے دیکھنے کے لیے nyccare.nyc پر تشریف لائیں۔

### کیا میری رازداری کو تحفظ فراہم کیا جائے گا؟

NYC Health + Hospitals پر موجود پیشہ ورانہ ماہرین اس بات کے پابند ہیں کہ وہ آپ کی صحت کی معلومات اور آپ کی ہجرت کی کیفیت کو صیغہ راز میں رکھیں۔ بغیر خوف کے دیکھ بھال حاصل کریں۔ آج ہی NYC Care میں اندراج کریں۔

### میں مزید معلومات اور NYC Care میں اندراج کیسے حاصل کرسکتا/سکتی ہوں؟

1-646-NYC-CARE (1-646-692-2273) پر کال کریں۔ مزید معلومات کے لیے آپ **nyccare.nyc** پر تشریف لائیں۔ ہم آپ کی اپنی زبان میں بات کرتے ہیں!

**مزید معلومات اور اندراج کے لیے کال کریں**

1-646-NYC-CARE
1-646-692-2273

خلوت اور رازداری کی ضمانت دی جاتی ہے۔ 'پبلک چارج' قانون کے تحت NYC Care میں اندراج سے کوئی خطرہ نہیں ہے۔